## 11585 ـ ہديہ دينےوالے كا ہديہ لينے والے سےخريداري كرنا

**سوال**

ايك شخص نے اپنےبھائي كو بطورہديہ گاڑي دي اب وہ گاڑي فروخت كرنا چاہتا ہے تو كيا جس نے گاڑي ہديہ كي ہے وہ خريد سكتا ہے يا اس كےليے وہ گاڑي خريدني حلال نہيں ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

ہديہ كرنے والے شخص كےليے اپنے بھائي سے وہ چيز خريدني جائز نہيں جو اس نے ہديہ كي ہے اس كي دليل مندرجہ ذيل حديث ہے :

عمر رضي اللہ تعالي عنہ بيان كرتےہيں كہ ميں نے ايك گھوڑا اللہ تعالي كےراستے ميں جھاد كےليے ديا تو اس كےمالك نے اس كا خيال نہ كيا اور ديكھ بھال نہ كي ميں نے سمجھا كہ وہ اسے اونے پونے داموں ميں فروخت كردےگا لھذا ميں نے رسول كريم صلي اللہ عليہ وسلم سے اس كےمتعلق سوال كيا تو رسول كريم صلي اللہ نے فرمايا:

چاہے وہ تمہيں ايك درھم كا بھي دے تم اسے نہ خريدو اس ليے كہ ہديہ دے كرواپس لينے والا شخص اس كتے كي مانند ہے جو قئ كر كے چاٹ لے . صحيح بخاري حديث نمبر ( 2623 ) صحيح مسلم حديث نمبر ( 1620 )

اللہ تعالي ہي توفيق بخشنے والا ہے .